| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

⓪ ① ② ③ ④ ⑤ ⑥ ⑦ ⑧ ⑨

Answer Sheet No.____________

Sign. of Candidate ___________

Sign. of Invigilator ___________

# اردو(لازمی) برائے گیارہویں جماعت (3rd Set)

ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل (کل نمبر:20، وقت:25منٹ)

حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔**لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر1:** ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

(1) ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے۔علم بیان کے حوالے سے یہ شعر کس کی مثال ہے؟

(A) تشبیہ ◯ (B) استعارہ ◯

(C) کنایہ ◯ (D) مجاز مرسل ◯

(2) روزمرہ کس کی بول چال کا نام ہے؟

(A) اہلِ دل کی ◯ (B) اہلِ عشق کی ◯

(C) اہلِ زبان کی ◯ (D) اہلِ کتاب کی ◯

(3) طالب علموں نے بازار سے خریداری کی۔اس جملے میں متعلق فعل کون سا ہے؟

(A) طالب علموں ◯ (B) نے ◯

(C) بازار سے ◯ (D) خریداری کی ◯

(4) "آجانا، پھوٹ پڑنا، چھپا رہنا" کون سے مرکبات ہیں؟

(A) مرکبِ عددی ◯ (B) مرکبِ توصیفی ◯

(C) مرکبِ مصادر ◯ (D) حاصل مصدر ◯

(5) درج ذیل میں سے کس صنفِ سخن کا ہر شعر الگ موضوع کا حامل ہوتا ہے؟

(A) مرثیہ ◯ (B) رباعی ◯

(C) غزل ◯ (D) قصیدہ ◯



FBISE PAST PAPERS

(6) درج ذیل میں سے کس ادبی اصطلاح میں لفظوں کے معنی حقیقی طور پر استعمال ہوتے ہیں؟

(A) استعارہ ○ (B) کنایہ ○
(C) تشبیہ ○ (D) محاورہ ○

(7) اگر کوئی لفظ اپنے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں اس طرح استعمال ہو کہ اس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے کیا کہیں گے؟

(A) تشبیہ ○ (B) استعارہ ○
(C) تلمیح ○ (D) قافیہ ○

(8) صنفِ ادب "انشائیہ" میں کسے مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے؟

(A) انشائیہ نگار کو ○ (B) مکالمات کو ○
(C) مناظر کو ○ (D) کرداروں کو ○

(9) کس صنعت میں قرآنی آیت، حدیث یا تاریخی مذہبی واقعے کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے؟

(A) صنعت لف ونشر ○ (B) صنعت تضاد ○
(C) صنعت تلمیح ○ (D) صنعت تضمین ○

(10) وہ نظم جس کے ہر بند میں مصرعوں کی تعداد پانچ ہو، ہیئت کے اعتبار سے اُسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مخمس ○ (B) مسدس ○
(C) ترجیع بند ○ (D) ترکیب بند ○

(11) قواعد کی رو سے "آبِ حیات" کیا ہے؟

(A) تشبیہ ○ (B) استعارہ ○
(C) تلمیح ○ (D) روزمرہ ○

(12) غیر حقیقی تذکیر و تانیث کی رو سے ذیل میں کون سا لفظ مؤنث ہے؟

(A) کرسی ○ (B) پانی ○
(C) گھی ○ (D) جوتا ○

(13) "آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میرؔ نہیں"، اس مصرع سے کون سی صنعت مراد ہے؟

(A) صنعتِ تضمین ○ (B) صنعتِ تلمیح ○
(C) صنعتِ لف ونشر ○ (D) صنعتِ حسنِ تعلیل ○

(14) غزل کے کم از کم اشعار کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

(A) تین ○ (B) پانچ ○
(C) سات ○ (D) نو ○

(15) "وحدتِ تاثر" کس نثری صنف کے لوازم میں شامل ہے؟

(A) افسانہ ○ (B) ناول ○
(C) داستان ○ (D) سوانح ○

(16) مطلع کن اصنافِ شعری کے پہلے شعر کو کہا جاتا ہے؟

(A) مثنوی اور قصیدہ ○ (B) مثنوی اور غزل ○
(C) غزل اور قصیدہ ○ (D) غزل اور شہر آشوب ○



FBISE PAST PAPERS

(17) "سمجھ مجھ کو رائیگاں نہ سمجھ    نہ سہی تیرے کام کا نہ سہی" اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعتِ تلمیح ◯ (B) صنعت لف ونشر ◯

(C) صنعت تضاد ◯ (D) صنعتِ تکرار ◯

(18) اگر کسی مسدس نظم کے ہر بند میں ایک شعر بعینہ بار بار دہرایا جائے تو ہیئت کے اعتبار سے اسے کیا کہیں گے؟

(A) مسدس ترجیع بند ◯ (B) مسدس ترکیب بند ◯

(C) مسدسِ حالی ◯ (D) مسدس تقطیع ◯

(19) "باوجودیکہ پر و بال نہ تھے آدم کے" اس مصرع میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعتِ تضاد ◯ (B) صنعتِ تضمین ◯

(C) صنعتِ تلمیح ◯ (D) صنعتِ ایہام ◯

(20) "ہم آپ کی چشمِ عنایت کے محتاج ہیں۔" اس میں علم بیان کی کون سی خوبی استعمال ہوئی ہے؟

(A) تشبیہ ◯ (B) استعارہ ◯

(C) کنایہ ◯ (D) مجاز مرسل ◯

---



EBISE PAST PAPERS

# فیڈرل بورڈ امتحان برائے گیارہویں جماعت

## اردو (لازمی) ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006)

وقت: 2:35 گھنٹے — کل نمبر: 80

**نوٹ: حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔**

### حصہ دوم (کل نمبر 48)

**سوال نمبر 2: (الف) حصہ نثر:**

**عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے چھ کے مختصر جوابات لکھیں:** (6 x 4 = 24)

ساڑھے بارہ بج رہے ہیں اور دھوپ خاصی تیز ہو گئی ہے۔ دارائے اعظم کا شہر عِذار سامنے ہے۔ حدِ نظر تک محلوں کے خرابے اور ستونوں کی قطاریں نظر آتی ہیں۔ ڈھائی ہزار سال پہلے یہیں تیسرے دارا اور اسکندرِ اعظم کی فوجوں کا یُدھ ہوا تھا اور دارا زخمی ہو کر اسی جگہ کھیت رہا تھا جہاں اب پیپسی کولا کا سٹال ہے۔ پیپسی کولا تو ایک طرف اس وقت اس غریب کے منہ میں کوئی پانی چوانے والا بھی نہ تھا۔ یہ جو امریکی ایمبولینس یہاں کھڑی ہے، بہت بعد میں پہنچی اور شیراز کا مشہور نمازی ہسپتال بھی کوئی ڈھائی ہزار سال دیر سے بنا۔ دارا سے بھی ہماری ملاقات پرانی ہے۔ اس زمانے میں ہم سکول کی ابتدائی جماعتوں میں پڑھتے تھے۔ اسکندر اعظم کے ہاتھوں دارا کی شکست اور تباہی کا حال پڑھ کر چنداں افسوس نہ ہوتا تھا کیونکہ اسکندر اعظم کو ہم مسلمان سمجھتے تھے۔۔۔۔۔ اسکندرِ اعظم پر ہی کیا موقوف ہے جتنے ناموں میں ف، ق، غ، ظ وغیرہ آئیں وہ ہندو تو بہر حال نہیں ہو سکتے تھے مثلاً فیلقوس، ارسطو، افلاطون، فیثاغورث، سقراط، بقراط اور ان دنوں ہمارے نزدیک قومیں فقط دو تھیں: ہندو اور مسلمان۔ افسوس ہوتا تھا کہ اسکندر دریائے بیاس کے مغربی کنارے سے کیوں لوٹ گیا۔ ہمارا گاؤں بیاس کے مشرق میں کوئی زیادہ دور تھوڑی تھا۔ "اے آمدنت باعثِ آبادیِ ما"۔

**سوالات:**

i. دارائے اعظم کے شہر عذار کا مختصر حال بیان کریں۔

ii. اسکندرِ اعظم کی جنگ کس دارا سے ہوئی؟

iii. اسکندرِ اعظم اور اس سے ملتے جلتے ناموں کو مصنف مسلمان کیوں سمجھتے تھے؟

iv. "اے آمدنت باعثِ آبادیِ ما" اس جملے کی وضاحت کریں۔

v. مصنف کے خیال میں کون کون سی سہولتیں دیر سے وجود میں آئیں؟

vi. ان تراکیب کا مفہوم بیان کریں: شہر عذار، یُدھ ہونا، کھیت رہنا، پانی چوانے والا

vii. اس عبارت کی تلخیص کریں۔

**(ب) حصہ نظم:**

**مندرجہ ذیل نظمیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے تین کے جوابات لکھیں:** (3 x 4 = 12)

یہ عمر جسے تم سمجھے ہو یہ ہر دم تن کو چنتی ہے — جس لکڑی کے بل بیٹھے ہو دن رات وہ لکڑی گُھنتی ہے
تم گٹھڑی باندھ کپڑے کی اور دیکھ اجل سر دُھنتی ہے — اب موت کفن کے کپڑے کا یاں تانا بانا بُنتی ہے
تن سوکھا کبڑی پیٹھ ہوئی گھوڑے پر زین دھرو بابا — اب موت نقارا باج چکا، چلنے کی فکر کرو بابا

**سوالات:**

i. درج بالا اشعار کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

ii. شاعر نے پہلے شعر کے دوسرے مصرعے میں کیا بات بیان کی ہے؟

iii. "اور دیکھ اجل سر دُھنتی ہے" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

FBISE PAST PAPERS

iv. "موت نقارا باج چکا" کا مفہوم واضح کریں۔

**یا**

بہر گامے سڑک کھا جانے والی کھائیاں دیکھو — چٹختے راستوں کی ٹوٹتی انگڑائیاں دیکھو

کھڑی اُونچائیوں کے پیٹ میں گہرائیاں دیکھو — گڑھوں کی جابجا بہزادیاں، چغتائیاں دیکھو

نقوشِ مانی و چغتائی، و بہزاد یہ سڑکیں

**سوالات:**

i. چٹختے راستوں کی ٹوٹتی انگڑائیوں کا مفہوم بیان کریں۔

ii. درج بالا اشعار میں استعمال ہونے والی صنعتوں کی نشاندہی کریں۔

iii. درج بالا اشعار کی مدد سے ان کی ہیئت کی وضاحت کریں۔

iv. "نقوشِ مانی و چغتائی و بہزاد یہ سڑکیں" فکری و فنی اعتبار سے وضاحت کریں۔

(ج) **حصہ غزل:**

**مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیں:** (1 x 4 = 4)

i. غالبؔ وظیفہ خوار ہو دو شاہ کو دُعا — وہ دن گئے، جو کہتے تھے نوکر نہیں ہوں میں

ii. لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام — آفاق کی اس کارگہِ شیشہ گری کا

**سوالات:**

i. پہلے شعر میں "شاہ" سے کون مراد ہے اور شاعر نے اسے دعا دینے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

ii. دوسرے شعر کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(د) **حصہ قواعد:**

**کوئی سے دو سوالوں کے جوابات لکھیں:** (2 x 4 = 8)

i. "نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے" اس شعر میں موجود ارکانِ تشبیہ کی نشاندہی کریں۔

ii. ایک مثال دے کر صنعتِ لف و نشر کی تعریف لکھیں۔

iii. کنایہ قریب اور کنایہ بعید کی تعریف لکھ کر فرق واضح کریں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 32)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیرا گراف کی تشریح کریں: (6)

الف۔ "اور میں تمہارا باپ نہیں تو پھر کیا ہوں پگلی۔" بڑے چچا نے اس کا سر اپنے سینے سے لگا لیا" اور جب آزادی مل جائے گی تو میں اپنی بیٹی کو دلہن بناؤں گا اور بہت شاندار پڑھا لکھا دولہا لاؤں گا، ایں نا؟" انھوں نے بڑی چچی کی طرف دیکھا وہ دونوں ہنسنے لگے مگر عالیہ بڑے چچا کے سینے میں محبت کی گرمی محسوس کر کے دھیرے دھیرے رو رہی تھی۔ وہ دل ہی دل میں دعا کر رہی تھی کہ اللہ اس ملک کو جلدی سے آزاد کر دے، بڑے چچا اپنے گھر واپس آ جائیں اور پھر شام کو اسی گھر میں لیٹ کر بڑی چچی سے باتیں کریں۔ چھمی کی خیریت پوچھیں، ساجدہ آپا کو میکے آنے کے لیے خط لکھیں، جمیل بھیا کے لیے دلہن تلاش کریں اور شکیل کو ڈھونڈ کر گھر لے آئیں۔

ب۔ میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے، ہزار کوس سے بہ زبانِ قلم باتیں کیا کرو، ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو۔ کیا تم نے مجھ سے بات نہ کرنے کی قسم کھائی ہے؟ اتنا تو کہو کہ کیا بات تمہارے جی میں آئی ہے؟ برسوں ہو گئے کہ تمہارا خط نہیں آیا۔ نہ اپنی خیر و عافیت لکھی، نہ کتابوں کا بیورا بھجوایا۔ ہاں، مرزا تفتہ نے ہاتر س سے یہ خبر دی ہے کہ پانچ ورق پانچوں کتابوں کے آغاز کے ان کو دے آیا ہوں اور اُنھوں نے سیاہ قلم کی لوحوں کی تیاری کی ہے۔ یہ تو بہت دن ہوئے جو تم نے مجھ کو خبر دی ہے کہ دو کتابوں کی طلائی لوح مرتب ہو گئی ہے۔ پھر اب ان دو کتابوں کی جلدیں بن جانے کی کیا خبر ہے اور ان پانچوں کتابوں کے تیار ہونے میں درنگ کس قدر ہے؟

سوال نمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں: (7)

الف۔
ہاتھوں پہ لے کے اس کو چلے شاہِ کربلاؑ — اور ساتھ ساتھ گود کو کھولے ہوئے قضا
لکھا ہے دھوپ تیز تھی اور گرم تھی ہوا — اصغرؑ پہ ماں نے ڈال دی اُجلی سی اک ردا
چادر نہ تھی وہ چہرۂ پر آب و تاب پر — ٹکڑا سفید اَبر کا تھا آفتاب پر

ب۔
بس اے ناامیدی نہ یوں دل بجھا تو — جھلک اے امید اپنی آخر دکھا تو
ذرا نااُمیدوں کی ڈھارس بندھا تو — فُسردہ دلوں کے دل آکر بڑھا تو
تیرے دم سے مردوں میں جانیں پڑی ہیں — جلی کھیتیاں تو نے سرسبز کی ہیں

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (3+3+3=9)

الف:
مت عبادت پہ پھولیو زاہد — سب طفیل گناہِ آدم ہے
سلطنت پر نہیں ہے کچھ موقوف — جس کے ہاتھ آوے جام سو جم ہے
اپنے نزدیک باغ میں تجھ تر بن — جو شجر ہے سو ماتم ہے

ب:
یارب! زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے — لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ہوں میں
حد چاہیے سزا میں، عُقوبت کے واسطے — آخر گنہگار ہوں، کافر نہیں ہوں میں
کس واسطے عزیز نہیں جانتے مجھے — لعل و زمرد و زر و گوہر نہیں ہوں میں

سوال نمبر6: والدہ کی شفایابی پر والد کے نام خط لکھیں۔ (5)

سوال نمبر7: "سانچ کو آنچ نہیں" کے عنوان پر کہانی لکھیں۔ (5)

* * * * *

FBISE PAST PAPERS

## اردو(لازمی) برائے گیارھویں جماعت (3rd Set)

سوالات کا حاصلاتِ تعلّم کے ساتھ تعلق

(کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل

**سوال نمبر1:**

| جزو نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلم |
|---|---|---|
| (1) | استحسان و تنقید | شاعری میں متعلقہ اصلاحات کے تحت درج نکات کی شناخت کر سکے |
| (2) | زبان شناسی | لغت کو اشتقاق، مشتقات، وضعی و لغوی معنی، مجازی معنی، سلینگ، بول چال، اصطلاحی معنی اور دیگر ایسی اقسام کے حوالے سے استعمال کر سکے |
| (3) | زبان شناسی | متعلق فعل کی تعریف اور استعمال سے آگاہ ہو سکے |
| (4) | زبان شناسی | مرکب مصادر کو بطور معاون افعال سیکھ سکے |
| (5) | زبان شناسی | اصنافِ سخن کی تعریف کر سکے اور انہیں پہچان کر استحسان کر سکے |
| (6) | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| (7) | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| (8) | زبان شناسی | مختصر اصناف کے طرز بیان سے آگاہ ہو سکے |
| (9) | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| (10) | زبان شناسی | اصناف سخن میں مختلف ہیئتی تجربات سے آگاہ ہو سکے |
| (11) | زبان شناسی | اصنافِ سخن کی تعریف کر سکے اور انہیں پہچان کر استحسان کر سکے |
| (12) | مہاتِ حیات | روزمرہ زندگی میں زبان کو ابلاغ کے لیے استعمال کر سکے |
| (13) | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| (14) | زبان شناسی | اصنافِ سخن کی تعریف کر سکے اور انہیں پہچان کر استحسان کر سکے |
| (15) | استحسان و تنقید | کسی ادب پارے کے حسن و قبح کا اندازہ کر سکے |
| (16) | استحسان و تنقید | شاعری میں متعلقہ اصلاحات کے تحت درج نکات کی شناخت کر سکے |
| (17) | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| (18) | زبان شناسی | اصنافِ سخن کی تعریف کر سکے اور انہیں پہچان کر استحسان کر سکے |
| (19) | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| (20) | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |

### حصہ دوم

| سوالنمبر | جزو نمبر | ذیلی جزو نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلم |
|---|---|---|---|---|
| 2 | (الف) | i. | لکھنا | ● ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار اور واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | ii. | | |
| | | iii. | | |
| | | iv. | | |
| | | v. | | |
| | | vi. | | |
| | | vii. | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | (ب) | i. | استحسان و تنقید | کسی ادب پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے اور تشریح کر سکے نیز اہم نکات کا خلاصہ کر سکے |
| | | ii. | لکھنا | ● ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار اور واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | iii. | لکھنا | ● ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار اور واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | iv. | لکھنا | ● ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار اور واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | (ج) | i. | لکھنا | ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار اور واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | ii. | لکھنا | ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار اور واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | (د) | i. | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| | | ii. | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |
| | | iii. | زبان شناسی | مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |

## حصہ سوم

| سوالنمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|
| 3 | استحسان و تنقید | کسی ادب پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے اور تشریح کر سکے نیز اہم نکات کا خلاصہ کر سکے۔ |
| 4 | | |
| 5 | | |
| 6 | مہارتِ حیات | روز مرہ زندگی کے مسائل کے حوالے سے غیر رسمی خطوط لکھ سکے |
| 7 | انشا پردازی | کسی بھی موضوع پر اپنے وسیع تر مطالعے کی روشنی میں ترتیب، استدلال، عمدہ مثالوں کے ساتھ منظر نگاری، مکالمہ نگاری، کردار نگاری، کہانی، انشائیہ یا مضمون وغیرہ کی صورت میں تحریر پیش کر سکے۔ |

FBISE PAST PAPERS

# URDU COMPULSORY HSSC-I (3rd Set)

## Table of Specifications

| Assessment Objectives | تدریجی مقصود<br>لکھنا | تدریجی مقصود<br>انشاپردازی | تدریجی مقصود<br>زبان شناسی | تدریجی مقصود<br>استحسان اور تنقید | تدریجی مقصود<br>مہارتِ حیات | کل نمبر | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **سمجھنا**<br>**Understanding Based** | 2الف(iv)(4)، 2الف(vii)(4)، 2ب(ii)(4)، 2ب(iii)(4)، 2ب(iv)(4)، 2ج(i)(4)، 2ج(ii)(4) | | 1(3)(1)، 1(11)(1)، 1(13)(1)، 1(17)(1)، 1(19)(1)، 1(20)(1)، 2د(ii)(4)، 2د(iii)(4) | 2ب(i)(4)، 3(3)، 4(4)، 5(5) | | 58 | 50% |
| **یاد میں لانا**<br>**Knowledge Based** | 2الف(i)(4)، 2الف(ii)(4)، 2الف(iii)(4)، 2الف(v)(4) | 7(2) | 1(2)(1)، 1(4)(1)، 1(5)(1)، 1(6)(1)، 1(7)(1)، 1(8)(1)، 1(9)(1)، 1(10)(1)، 1(14)(1)، 1(18)(1) | 1(15)(1)، 1(16)(1) | 6(2) | 32 | 27.6% |
| **لاگو کرنا**<br>**Application Based** | 2الف(vi)(4) | 7(3) | 2د(i)(4) | 1(1)(1)، 3(3)، 4(3)، 5(4) | 1(12)(1)، 6(3) | 26 | 22.4% |
| **Total Marks** | 48 | 5 | 28 | 29 | 6 | 116 | 100% |

Key:

2الف(i)(2)

سوال نمبر جزو(جزو کا جزو)(کل نمبر)

Note:
- (i) The policy of FBISE for knowledge based questions, understanding based questions is approximately 30% knowledge based, 50% understanding based and 20% application based.
- (ii) The total marks specified for each unit/content in the Table of Specification is only related to this model question paper.
- (iii) The level of difficulty of the paper is approximately 40% easy, 40% moderate and 20% difficult.

FBISE PAST PAPERS